# 7032 ـ آدمی کو قسم توڑنے کا بتانا تا کہ وہ قسم کا کفارہ ادا کر سکے

**سوال**

جب کوئی دوسرا شخص قسم کھانے والے کے علم کے بغیر قسم توڑ دے تو کیا اسے قسم کھانے والے کو بتانا ضروری ہے تا کہ وہ کفارہ ادا کر سکے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ہم نے یہ سوال فضيلة الشيخ محمد بن صالح عثيمين رحمہ اللہ تعالی کے سامنے رکھا تو ان کا جواب تھا:

اسے بتانا ضروری ہے.

سوال: ؟

کیا اس پر واجب ہے؟

جواب:

جی ہاں.

سوال: ؟

اگر وہ اس کی جانب سے کفارہ ادا کرنے کے بعد اسے بتائے اور وہ اس پر راضی ہو جائے تو کیا یہ اس سے ادا ہو جائے گا یا نہیں؟

جواب:

صحیح تو یہی ہے کہ یہ ادا ہو جائے گا.

سوال: ؟

اور کیا یہ شرط ہے کہ اسے یہ بھی بتایا جائے کہ اس نے کفارہ ادا کر دیا ہے تا کہ وہ بری الذمہ ہو سکے؟

جواب:

جی ہاں اسے ضرور بتائیے، اور اگر کفارہ ادا کرنے سے پہلے بتائیے تو یہ بہتر ہو گا.